دفتر مقام معظم رهبری
www.leader.ir

# جنس کی تبدیلی - 9 /Jan/ 2020

سوال: کیا جنس کی تبدیلی ( مرد سے عورت یا عورت سے مرد بننے) کا آپریشن کروانا جائز ہے؟

جواب: جنس کی تبدیلی جائز نہیں ہے، مگر یہ کہ اطمینان بخش علمی اور عرفی راستوں سے ثابت ہو کہ ظاہری اعضاء اور جسمانی بناوٹ حقیقی ( قدرتی) جنس کے برخلاف ہے، اس صورت میں ظاہری اعضاء کی تبدیلی اور انہیں حقیقی جنس کے مطابق ڈھالنا بذات خود جائز ہے، اسی طرح اگر حقیقی جنس - حتی کہ علمی اور طبی طور پر - ثابت نہ ہو تاہم جنس کی تبدیلی کا خواہاں شخص روحی طور پر شدید اضطرار کی حالت میں ہو تو مذکورہ آپریشن کا جواز فی نفسہ بعید نہیں ہے۔